نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں حالیہ بارش کے کھڑی فصلوں خصوصاً گندم پر شاندار اثرات مرتب۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور:20فروری 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق حالیہ بارش کے کھڑی فصلوں خصوصاً گندم پر شاندار اثرات مرتب ہوئے ہیں۔صوبہ پنجاب میں بارش کے اثرات سے گندم کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ متوقع ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا کہ باران رحمت سے پنجاب کے تقریباً تمام علاقے مستفید ہوئے ہیں۔حالیہ بارش سے خصوصاً بارانی علاقوں میں کاشتہ فصلوں پر انتہائی خوشگوار اثرات مرتب ہوئے ہیں۔حالیہ بارش سے فصلوں کو فضائی نائٹروجن ملی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کی فصل گوبھ کے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔اس مرحلے پر گندم کی فصل کے لیے بارش بہت زیادہ سود مند ہے۔باران رحمت کے لیے محکمہ زراعت پنجاب کے تحت نماز استسقاء کی گزشتہ جمعہ ادائیگی کی گئی تھی۔

☆☆☆☆☆